© rasailojaraid.com

# مدیر کے نام

ڈاکٹر محمد ناصر، پشاور

پروفیسر خورشید احمد کا مقالہ بہ سلسلہ 'دستور اور عدلیہ کا کردار' تمام اہلِ وطن کے لیے چشم کشا آئینہ ہے۔ اسی طرح 'مطالعہ کتاب' اقبال، جناح اور پاکستان بہت اہم ہے۔ تاہم تبصرے میں جو یہ کہا گیا ہے کہ کتاب میں اقبال پر سوائے ضمیمے میں خطبۂ الٰہ آباد پر مضمون کے کچھ میسر نہیں۔ اس حوالے سے عرض ہے کہ کتاب میں اقبال کے خطبۂ الٰہ آباد کے تحریکِ پاکستان سے تعلّق پر ابتدا ہی میں شافی بحث موجود ہے۔

رانا محمد افضل، میانوالی

پروفیسر خورشید احمد صاحب نے 'قراردادِ مقاصد' پر گذشتہ چند ماہ میں نہایت اہم، مدلل مقالات قلم بند کیے ہیں۔ ارکانِ پارلیمنٹ، سینیٹر حضرات اور اعلیٰ تعلیم یافتہ طبقے کے لیے ان کا مطالعہ خصوصاً مفید ہوگا۔

قاضی سمیع اللہ، لاہور

'ہجرت، مشاورت اور اسلامی تحریکات' (نومبر ۲۰۱۵ء) میں ہجرت اور اسلامی تحریکوں کی احیاے اسلام کی جدوجہد کے تسلسل کا عمدگی سے انطباق کیا گیا ہے۔ ہجرت کا سبق اسی جدوجہد میں ہے۔

عبدالجبار بھٹی، پتوکی

'اسلامی پاکستان اور خوش حال پاکستان' (نومبر ۲۰۱۵ء) میں مغربی مادیت کے تصور کے مقابلے میں خوش حالی کے اسلامی تصور کو قرآن وسنت سے استدلال کے ساتھ واضح کیا گیا ہے۔ تاہم حضرت عدیؓ بن حاتم کی روایت میں سہو ہوگیا۔ ایک شخص نے فاقے کی، جب کہ دوسرے نے ڈاکے کی شکایت کی تھی۔ (ص ۱۵)

عبدالرشید عراقی، گوجرانوالہ

'مصر: جیلوں میں سسکتی انسانیت' (اکتوبر ۲۰۱۵ء) کے مطالعے سے قیدیوں پر ڈھائے جانے والے مظالم سے رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں۔ الاخوان المسلمون کے کارکنان کے جذبۂ استقامت پر دل سے دُعا نکلتی ہے۔

بینا حسین خالدی، رحیم یار خان

عالمی ترجمان القرآن اپنی تحریروں کے ذریعے (بذریعہ تذکیر وتعلیم) اشاعتِ اسلام کا فریضہ بخوبی انجام دے رہا ہے۔

عبدالباسط، لاہور

ترجمان القرآن تحریک برپا کردینے اور قلوب واذہان کو مسخر کر کے احیاے اسلام کی مؤثر جدوجہد



© rasailojaraid.com